17 مئی 2019ء

اسٹیٹ بینک نئے کرنسی نوٹ جاری کرنے کے لیے ایس ایم ایس سروس 8877 شروع کرے گا

بینک دولت پاکستان عوام کو نئے کرنسی نوٹوں کے اجرا کے لیے اپنے ذیلی ادارے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے ذریعے ایس ایم ایس سروس دوبارہ شروع کر رہا ہے۔

نئے نوٹ کمرشل بینکوں کی نامزد شاخوں سے دستیاب ہوں گے، جو 'ای برانچز' کہلاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ایس بی پی بی ایس سی کے 16 فیلڈ دفاتر سے بھی نئے کرنسی نوٹ حاصل کیے جا سکیں گے۔ اس سروس کی بکنگ 19 مئی 2019ء سے شروع ہو گی جبکہ موبائل ایس ایم ایس سروس کے ذریعے نئے نوٹوں کا اجرا 20 مئی 2019ء سے شروع ہو گا اور 31 مئی 2019ء تک جاری رہے گا۔ ملک کے 142 شہروں میں 1702 'ای برانچز' اور ایس بی پی بی ایس سی کے 16 فیلڈ دفاتر کے ذریعے یہ سہولت فراہم کی جائے گی تا کہ زیادہ سے زیادہ علاقے کا احاطہ کیا جا سکے۔ ایک ایس ایم ایس پر چارجز 1.50 روپے جمع ٹیکس ہوں گے۔

نامزد 'ای برانچوں' کی برانچ آئی ڈی اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ www.sbp.org.pk، پی بی اے کی ویب سائٹ www.pakistanbanks.org اور کمرشل بینکوں کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ اس کے علاوہ یہ برانچ آئی ڈی نامزد 'ای برانچوں' کے باہر نمایاں مقام پر آویزاں کی جائے گی۔ واضح رہے کہ 'ای برانچ' کی برانچ آئی ڈی موجودہ برانچ / بینکوں کے سوئفٹ کوڈ سے مختلف ہے۔

اس سہولت کے تحت نئے نوٹ حاصل کرنے کے خواہش مند فرد کو اپنا 13 ہندسوں والا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر یا اسمارٹ کارڈ نمبر اور مطلوبہ 'ای برانچ' کی آئی ڈی لکھ کر شارٹ کوڈ 8877 پر ایک ایس ایم ایس پیغام بھیجنا ہو گا، مثال کے طور پر :

3245334544432(space)KHI001

بھیجنے والے فرد کو جواب میں ایک ایس ایم ایس موصول ہو گا جس میں اس کا ریڈیمشن کوڈ، ای برانچ کا پتہ اور ریڈیمشن کوڈ کے مؤثر ہونے کا عرصہ لکھا ہو گا۔ صارف کو موصولہ ریڈیمشن کوڈ ایس ایم ایس میں درج تاریخ کے مطابق زیادہ سے زیادہ دو (2) ایام کار کے لیے مؤثر ہو گا۔ صارف کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ / اسمارٹ کارڈ، اس کی ایک فوٹو کاپی اور 8877 سے موصولہ ٹرانزیکشن کوڈ لے کر متعلقہ ای برانچ جانا ہو گا جہاں سے نئے نوٹ مل جائیں گے۔ ایک شخص 10 روپے کے تین پیکٹ اور 50 روپے اور 100 روپے کے ایک ایک پیکٹ لے سکتا ہے۔

واضح رہے کہ ایک شناختی کارڈ / اسمارٹ کارڈ نمبر اور موبائل فون نمبر صرف ایک مرتبہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کسی مختلف موبائل فون نمبر سے وہی سی این آئی سی / اسمارٹ کارڈ نمبر، یا اسی موبائل فون نمبر سے کوئی اور سی این آئی سی / اسمارٹ کارڈ نمبر بھیجا گیا تو کوئی ٹرانزیکشن کوڈ جاری نہیں کیا جائے گا۔ نیز، یہ نظام پہلے آیئے، پہلے پایئے کی بنیاد پر نئے کرنسی نوٹ فراہم کرے گا اور نظام میں گنجائش ختم ہونے پر نئی بکنگ بھی بند کر دی جائے گی۔ عوام معلومات / شکایات کے لیے ایس بی پی بی ایس سی کی ہیلپ ڈیسک پر یو اے این 877-008-111 (021) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہیلپ ڈیسک کی سہولت صرف دفتری اوقات کے دوران ہی دستیاب ہو گی۔

*****